BankIslami

# دی اسکوپ

دوسری سہ ماہی 2025

# پاکستان کا بہترین اسلامی بینک

## یورومنی کی طرف سے تصدیق شدہ




## سفر کامیابی 2025

ملک گیر نیٹ ورک میں
ترقی اور اعلیٰ کارکردگی
کیلئے کوشاں

## ہم کب جاگیں گے؟

HUM KAB JAGEINGEY?

بامقصد و پرعزم قیادت اور
قائدانہ کردار کی ضرورت

## بہترین کیمپین کیلئے پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈ

پاکستان کی سب سے
بلند بینکنگ عمارت

## الٹیٹیوڈ ٹاور

کی خریداری

# ایڈیٹرز نوٹ

ہم انتہائی مسرت کے ساتھ 2025 کیلئے بینک اسلامی نیوزلیٹر کا دوسرا شمارہ پیش کر رہے ہیں. اس شمارے میں بینک اسلامی کو عالمی سطح پر ملنے والے اعزازات ، جدت کیلئے کوششوں اور بینک اسلامی کی بامعنی ترقی کی تفصیلات شامل ہیں.



**سمیط جیوانی**
برانڈ منیجر
بینک اسلامی



**سیدہ انعم ابراہیم**
اسسٹنٹ برانڈ منیجر
بینک اسلامی

دی اسکوپ

# فہرست مضامین


## 01 اعتراف اور خودمختاری 02-06

- پاکستان کے بہتری اسلامی بینک کی حیثیت سے اعتراف
- ٹاپ پرفارمر ایوارڈز 2024
- انسانیت کو ربا سے بچانے کے مشن کیلئے بہترین مہم کا ایوارڈ
- ایمپلائی آف دی منتھ کا آغاز
- بینک اسلامی میں خواتین کی کامیابیاں

## 02 کلچر اور روابط 08-10

- ہم کب جاگیں گے ؟
- سفر کامیابی 2025
- اعلیٰ کارکردگی کی چیمپئنز لیگ

## 03 ترقی ، مساوات اور شمولیت کے مثبت اثرات 12-15

- ConnectHear کیئریر فیئر
- گجرانوالہ جاب فیئر میں خواتین کی خودمختاری
- اعلیٰ قیادت کی خواتین ملازمین سے ملاقات
- اسلام میں خواتین کے حقوق پر خصوصی سیشن
- مدرز ڈے
- برابری پر بینکاری کی کامیابی
- ہفتہ خواندگی کے دوران مالی خودمختاری
- جے ایس بینک کے ساتھ تربیتی پروگرام
- لاہور مکالمہ
- صارفین کی چیئرپرسن شریعہ بورڈ کے ساتھ نشست
- ایڈوانسڈ سی آئی سی بی اور سی آئی آر بی تربیتی سیشنز

## 04 کاروبار اور جدت 17-25

- ٹرم ڈیپازٹ کا آغاز
- پیپرلیس ڈیجیٹل اکاؤنٹ
- صارفین کو بہترین ہوم فنانسنگ کی فراہمی
- ایمپلائی ڈیجیٹل آسان اکاؤنٹ پورٹل
- راست کے ساتھ کیش لیس ایونٹ
- ترسیلات زربھیجنے پر انعامی پروگرام
- 265 فیصد گروتھ کا سنگ میل عبور
- Decibel ایچ آر ایم ایس آٹومیشن
- کامیابیوں کی ایک اور سہ ماہی
- پاکستان میں ریکارڈ آٹو فنانسنگ
- دوسری سہ ماہی میں مسکن ہوم فنانس کی ترقی
- مویشی منڈیوں میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کا آغاز
- 32 منزلہ الٹیٹیوڈ ٹاور کی خریداری
- سفرکیلے بکنگ کا خودکار نظام
- پروڈکٹ کی مسلسل کامیابی

## 05 اسٹریٹجک شراکت داریاں 27

- سندھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ فنڈ (ایس ای ڈی ایف ) کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت
- گرین اگری مال پاکستان کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت

## 06 فکری و دوراندیش قیادت اور میڈیا 29-31

- ڈان نیوز پر عمران شیخ کا انٹرویو
- بینک اسلامی ڈائیلاگ
- پاکستان کے میکرو-اکنامک کا منظرنامہ
- پاکستان میں پہلی فوری چیک کیش آؤٹ سہولت
- اے ڈی بی کے جی ڈبلیو ایف ایکس میں شرکت
- حالیہ مہم کی جھلکیاں















دی اسکوپ




# اعتراف اور خودمختاری




# پاکستان کے بہترین اسلامی بینک

## کی حیثیت سے اعتراف

ہمیں یہ اعلان کرنے میں انتہائی خوشی ہے کہ بینک اسلامی کو یورومنی کی طرف سے 2025 کیلئے بیسٹ اسلامک بینک ایوارڈ سے نوازا گیا.یہ اعتراف شرعی اصولوں کے مطابق صارفین پر مبنی جدید خدمات اور اخلاقی بینکاری میں اعلیٰ کارکردگی کیلئے ہمارے غیر متزلزل عزم کا ثبوت ہے.

## بینک کی سطح پر جشن کی تقریبات



# ملک بھر میں
# جشن کی تقریبات




ملک کے 7سے زائد
قومی اردو اور انگریزی اخبارات
میں خبروں کی اشاعت







22 سے زائد ڈیجیٹل
پلیٹ فارمز پر کوریج







30 لاکھ ڈیجیٹل
صارفین تک رسائی

17 سے زائد نیوز چینلز
میں خبروں کی کوریج






بل بورڈز



اے ٹی ایم اسکرینز




ایس ایم ایس الرٹس




ان ایپ نوٹیفیکیشن




ایلیویٹر برانڈنگ

# ٹاپ پرفارمر ایوارڈز 2024

بینک اسلامی نے 2024 میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو ان کے خاندان کے اراکین کے سامنے اعزاز سے نوازا۔ پشاور، اسلام آباد، گجرانوالہ، لاہور، ملتان، فیصل آباد اور کراچی میں منعقد تقریبات میں ان ملازمین کو ان کی انتھک محنت اور لگن کے اعتراف میں اسناد اور خصوصی تعریفی تحائف پیش کئے گئے۔














# انسانیت کو ربا سے بچانے کا مشن

## بہترین مہم کا ایوارڈ

پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈ میں ہماری جامع ، بامعنی اور نتیجہ خیز مارکیٹنگ حکمت عملی کا اعتراف کرتے ہوئے بہترین کیمپین کے ایوارڈ سے نوازا گیا.







# ایمپلائی آف دی منتھ کا آغاز

ادارے میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے کے کلچر کے فروغ کیلئے مارچ 2025 میں "ٹاپ پرفارمر آف دی منتھ پروگرام" شروع کیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت ان ملازمین کی ہم آہنگ جدت اور مسلسل اعلیٰ کارکردگی کا اعتراف کیا گیا۔ جیتنے والوں کا انتخاب جائزہ کمیٹی کی طرف سے مکمل میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا جس میں ہیڈ آفس اور برانچز سے نامزدگیاں جمع کرائی گئی تھیں۔

# بینک اسلامی میں خواتین کی کامیابیاں


ٹاپ پرفارمر آف دی منتھ پروگرام کے تحت خواتین ملازمین کی اعلیٰ کارکردگی کا اعتراف کیا گیا۔ مارچ اور اپریل 2025 میں دو خواتین کو ایوارڈز سے نوازا گیا۔اس کے علاوہ ٹاپ پرفارمر 2024 ایوارڈز میں 16 خواتین ملازمین کو خصوصی اعزاز سے نوازا گیا۔

دی اسکوپ



# کلچر و روابط



# ھم کب جاگیں گے؟

## HUM KAB JAGEINGEY?



ہم کب جاگیں گے ؟ پروگرام کا انعقاد 27 مئی، 2025 کو میریٹ ہوٹل کراچی میں کیا گیا جس میں اعلیٰ قیادت نے شرکت کی. بینک اسلامی کے صدر اور سی ای او رضوان عطاء نے انسانیت کو ربا سے بچانے کے مشن کو متحد ہوکر آگے بڑھانے ک پیغام دیا. ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر عمران شیخ نے آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) سے لے کر جنریشن زی تک ابھرتے ہوئے رجحانات پر اظہار خیال کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ کہ حقیقی تبدیلی کیلئے احساس ذمّہ داری اور قائدانہ صلاحیت کی ضرورت ہے. سیشن سے یہ اہم پیغام دیا گیا کہ بینک اسلامی میں ہم رجحانات کی پیروی کیلئے نہیں بلکہ مقصد اور اقدار کے ساتھ قائدانہ کردار ادا کرنے کیلئے کوشاں ہیں.








# سفر کامیابی 2025

سفر کامیابی 2025 پروگرام کے تحت پشاور ، لاہور ، فیصل آباد ، ملتان ، گجرانوالہ اور اسلام آباد میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کی اعلیٰ کارکردگی کا جشن منایا گیا۔ شاندار کارکردگی کے اعتراف سے لے کر ٹیم ورک کی تشکیل اور ترقی کے فروغ تک ہر سطح پر انسانیت کو ربا سے بچانے کے ہمارے مشن سے وابستگی اور عزم کا اظہار ہوتا ہے۔



















# برانچ بینکنگ ہیڈز کی درجہ بندی



**پہلی**
پوزیشن
ٹی بی ڈی
ساؤتھ

**دوسری**
پوزیشن
عاصم سلیم
سینٹرل I

**تیسری**
پوزیشن
شہزاد احمد خان
نارتھ

**چوتھی**
پوزیشن
شعیب رضوانی
سینٹرل II

CHAMPIONS LEAGUE

# جنرل منیجرز کی درجہ بندی



فیصل ڈھیڈی
ساؤتھ ایسٹ
پہلی
پوزیشن



سید جہانزیب
لاہور سینٹرل
دوسری
پوزیشن



سہیل احمد
سیالکوٹ
تیسری
پوزیشن

دی
اسکوپ




# ترقی ، مساوات اور
# شمولیت کے مثبت اثرات

# ConnectHear
# کیئریر فیئر




ہم نے ConnectHear کیئر یر فیئر میں شرکت کرکے شمولیت اور رسائی کو فروغ دیا. بینک اسلامی کے خصوصی ٹیم رکن ہوفریش شروف اور محمد احمد نے ایک زبردست سیشن کی قیادت کی جہاں محمد احمد نے اشاروں کی زبان کے ذریعے حاضرین کو اپنے سفر کے بارے میں بتایا.



## گجرانوالہ جاب فیئر میں
# خواتین کی خودمختاری

ہم نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین ، گجرانوالہ میں اسلامک بینکنگ جاب فیئر میں شرکت کی. ہماری ٹیم نے طالبات کو شرعی اصولوں پر مبنی بینکاری سے آگاہی فراہم کی اور خواتین کی تعلیم ، خود مختاری اور اسلامی مالیات میں شمولیت میں پیشہ ورانہ معاون مواقعوں کو نمایاں کیا.

# اعلیٰ قیادت کی خواتین ملازمین سے ملاقات



اعلیٰ قیادت بشمول ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر عمران شیخ نے 20 سے زائد خواتین ملازمین سے ملاقات کی ، ان کے خیالات سنے ، سوالات کے جوابات دیئے اور پیشہ ورانہ ترقی پر گفتگو کی.



# اسلام میں حقوق نسواں پر خصوصی سیشن

بینک اسلامی کی 90 سے زائد خواتین نے اسلام میں خواتین کے حقوق اور ذمہ داریوں پر خصوصی سیشن میں شرکت کی۔ سیشن میں مفتی ارشاد احمد اعجاز نے لیکچر دیئے۔



# مدرز ڈے






# برابری پر بینکاری کی کامیابی

ہم نے مسلسل دوسرے سال اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی برابری پر بینکاری پالیسی کے تحت کیٹگری میں پہلی پوزیشن حاصل کی.یہ کامیابی صنفی تنوع اور مالیاتی شمولیت کیلئے ہمارے عزم کو نمایاں کرتی ہے جو مشعل ویمن بینکنگ ، ایس ایم ای اینڈ ایگری فنانسنگ ، برانچز اور ایچ آر کی بھرپور کوششوں کا نتیجہ ہے.

# ہفتہ خواندگی کے دوران مالی خودمختاری

ہم نے پاکستان مالی خواندگی ہفتہ کے دوران ملک بھر میں مالی آگاہی کو فروغ دیا. ہمارے اقدامات کو بڑے پیمانے سراہا گیا.ملک کے 10 نمایاں ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور 12 معروف اخبارات میں کوریج دی گئی.

PAKISTAN FINANCIAL LITERACY WEEK 2025

Top Channels

نمایاں اخبارات

DAWN | THE NATION | THE NEWS | روزنامہ ایکسپریس

## جے ایس بینک کے ساتھ
# تربیتی پروگرام

ہماری شریعہ ٹیم نے جے ایس بینک کی اعلیٰ قیادت کیلئے تربیت کا انعقاد کیا جس میں اسلامک بینکنگ کے اصولوں پر روشنی ڈالی گئی۔





## صارفین کی
## چیئرپرسن شریعہ بورڈ
# کے ساتھ نشست

کارپوریٹ گروپس اور مفتی ارشاد احمد اعجاز ، چیئرپرسن شریعہ بورڈ کے درمیان صارفین کے ساتھ نشست ہوئی جس میں اسلامی بینکاری اور اس کے عملی نفاذ کے حوالے سے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔



# مکالمہ لاہور

لاہور میں ہمارے مکالمہ سیریز کا سلسلہ جاری ہے جس میں شریعہ بورڈ ، ریجنل قیادت اور صارفین نے غیر رسمی اور معلوماتی سیشنز میں شرکت کی۔




## ایڈوانسڈ سی آئی سی بی
## اور سی آئی آر بی
# تربیتی سیشنز

لاہور اور اسلام آباد میں منعقد ہونے والے سیشنز میں ریٹیل اور کارپوریٹ بینکنگ پروڈکٹس کے حوالے سے شرکاء کوباریک بینی سے بصیرت افروز معلومات فراہم کی گئیں۔



دی اسکوپ




# کاروبار اور جدت

# ڈیپازٹ ٹرم کا آغاز

حلال طریقے سے کمائیں

**ایک سال بعد منافع**
منافع کی متوقع شرح
**11 فیصد**

**ماہانہ منافع**
منافع کی متوقع شرح
**10.5 فیصد**



# پیپرلیس ڈیجیٹل اکاؤنٹ

ہم نے 30 برانچوں میں کم وقت میں اور پیپرفری اکاؤنٹ کھلوانے کا عمل کامیابی سے مکمل کیا. پورے ملک میں بغیر کسی رکاوٹ کے آن بورڈنگ کے لیے مکمل کور بینکنگ انضمام کا ہدف تیسری سہ ماہی 2025 تک مقرر کیا گیا ہے.

برانچ نیٹ ورک تک توسیع
کیلئے ٹیم کی تربیت

بہتر اشتراک ،
درستگی اور موثریت



اکاؤنٹ کھلوانے کیلئے
فارمز کی ضرورت نہیں

ٹیکنالوجی انفراسٹرکچر کی
اپ گریڈیشن جاری ہے

صارفین کے لیے
بہترین بینکنگ کا تجربہ




# ایمپلائی ڈیجیٹل آسان اکاؤنٹ پورٹل

بینک اسلامی کا ان ہاؤس پورٹل اب فعال ہے جو تمام ریجنز میں ایمپلائی بینکنگ کو آسان بناتا ہے. اس کامیابی کو یقینی بنانے والی ٹیم کی کوششوں کااعتراف کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد کیا گیا.





# راست کے ساتھ کیش لیس ایونٹ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے پاکستان میں کیش لیس وژن کے حصول میں ہمارے اہم کردارکا اعتراف کرتے ہوئے ایوارڈ سے نوازا گیا.



# ترسیلات زر بھیجوانے پر
# انعامی پروگرام

عیدالاضحیٰ کے بعد ترسیلات زر میں سست روی سے نمٹنے کیلئے ہم نے گولڈ کوائن مہم کا آغاز کیا جس کے تحت ترسیلات زر وصول کرنے والے بینیفیشریز کو سونے کے سکے جیتنے کا موقع ملا۔







## 265 فیصد گروتھ کا سنگ میل عبور

ہمارا بینکا تکافل کاروبار 200ملین روپے سے تجاوز کرگیا

یہ شاندار کامیابی ٹیم کی انتھک محنت کی بدولت ممکن ہوئی ہے۔

آئیں ترقی کی اس رفتار کو اور زیادہ تیز کریں۔

## باصلاحیت افراد کی بھرتی

باصلاحیت افراد کی بھرتی کیلئے اشتہار سے لے کر ملازمت دینے تک کے تمام عمل کو Decibel کے ذریعے ڈیجیٹل کردیا گیا۔

## اخراجات کی ادائیگی


تفریحی اور سفری اخراجات کی آسان ڈیجیٹل طریقے سے تیزی سے ادائیگی

## سفری اخراجات

سفر کیلئے مکمل خودکار درخواست اور اخراجات کی ادائیگی ، حقیقی وقت میں ٹریکنگ

## سٹاف فنانسنگ آٹومیشن

ملازمین اب گاڑی ، مکان یا قرض حسنہ کیلئے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔



# Decibel

## ایچ آر ایم ایس آٹومیشن

دوسری سہ ماہی 2025میں ایچ آر ماڈیولز کے آغاز سے ایک اور بڑی کامیابی حاصل ہوئی جس سے آپریشنز بہتر اور ملازمین کے مثبت تجربات میں اضافہ ہوا۔

## شکایات کے ازالہ کا انتظام

شکایات کے فوری ازالے اور بہتر ٹریکنگ کیلئے Digi4u کی جگہ ایک مرکزی ماڈیول نافذ کیا گیا۔

## ٹو-ڈو الرٹس

نئی الرٹس فیچر اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ زیر التوا کام روزانہ کی یاددہانیوں کے ساتھ کبھی نظرانداز نہ ہوں۔

## ایم ایف اے کے ساتھ سیکورٹی اپ گریڈ

بینک کے تمام عملے کے لاگ ان بہتر سیکورٹی اور ملٹی فیکٹر اتھنٹیکیشن کے ساتھ اب محفوظ ہیں

## لرننگ مینجمنٹ

اب تربیت کا عمل خودکار اور بآسانی دستیاب ہے جس سے Decibel کے اندر منصوبہ بندی اور ٹریکنگ مزید موثر ہو گئی ہے۔



# کامیابیوں کی ایک اور سہ ماہی

کنزیومر اور کراس سیل ڈیپارٹمنٹ کی 2025 میں مستحکم ترقی جاری ہے جو بنیادی کاروباری شعبوں میں مثبت اثرات مرتب کررہا ہے۔ان کی کامیابی اسٹریٹجک توجہ اور صارف کے اطمینان کیلئے عزم کا عکاس ہے۔

## ترقی کی رفتار

سال 2025کی دوسری سہ ماہی میں کارڈ اور ایس ایم ایس سبسکرپشنز میں متاثر کن اضافہ ہوا

| 2024کارڈز | 2025 کارڈز | فیصدی تبدیلی |
|---|---|---|
| 37,095 | 37,095 | 22.50 فیصد سے زائد |

| 2024 ایس ایم ایس | 2025 ایس ایم ایس | فیصدی تبدیلی |
|---|---|---|
| 26,843 | 59,176 | 120.45 فیصد سے زائد |



## دوسری سہ ماہی میں کنزیومر بزنس کی آمدن میں غیر معمولی اضافہ

| 2024 آمدن | 2025 آمدن | فیصد تبدیلی |
|---|---|---|
| 242,789,024 | 642,072,320 | +164.46% |



# آٹو فنانس کی ریکارڈ فراہمی

دوسری سہ ماہی میں آٹو فنانس کی فراہمی میں سال بہ سال کی بنیاد پر 8.2 21 فیصد کا شاندار اضافہ ہوا جو بڑھتی ہوئی طلب کو تیزی رفتاری اور موثر انداز سے پورا کرنے کی ہماری صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے.جون میں 1.93 بلین روپے کی ماہانہ فراہمی کے ساتھ آٹو فنانسنگ نے ریکارڈ قائم کیا.






## دوسری سہ ماہی میں مسکن ہوم فنانس کی ترقی

پہلی سہ ماہی سے دوسری سہ ماہی تک مسکن ہوم فنانس پروڈکٹ میں 203فیصد کا غیر معمولی اضافہ دیکھنے کو ملا جس سے صارف کی بڑھتی طلب اور لوگوں تک ہماری مضبوط رسائی کا اظہار ہوتاہے.

# مویشی منڈیوں میں ڈیجیٹل ادائیگی اقدام




ایس بی پی کے ساتھ شراکت داری میں ہم نے مویشی منڈیوں میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے اقدام کی قیادت کی جس میں عید الاضحیٰ کے دوران کراچی ، کوئٹہ اور سرگودھا میں بڑی مویشی منڈیوں میں کیو آر ادائیگیوں اور فوری اکاؤنٹ کھلوانے کی سہولت کا آغاز کیا گیا۔

تمام شعبہ کی حقیقی معنوں میں کوششوں کی بدولت کوئٹہ میں ہمیں بیسٹ پرفارمنگ بینک تسلیم کیا گیا جس نے تمام شریک بینکوں میں سب سے زیادہ ڈیجیٹل ادائیگیاں انجام دیں۔

# بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی کے ساتھ

## مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

ہم نے بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے۔ معاہدہ کے تحت تحت مسجد اور مربوط کمیونٹی سینٹر کی تعمیر میں معاونت فراہم کی جائے گی جس کیلئے فنڈنگ سی ایس آر اور خیر کنٹریبیوشن سے کی جائے گی۔



# جے ایف اے گرین سکوک

ہمیں وزارت خزانہ کی طرف سے جاری کردہ پاکستان کے پہلے گرین سکوک کے تاریخی اجرا کیلئے جائنٹ فنانشل ایڈوائزری کے طور پرکام کرنے کا اعزاز ملا۔



# 32منزلہ بلند
# الٹیٹیوڈ ٹاور
# کی خریداری




## پاکستان میں کارپوریٹ انفراسٹرکچر کیلئے نیا بینچ مارک قائم

ہم نے کراچی میں 32 منزلہ بلند الٹیٹیوڈ ٹاور خریدا ہے جس میں 3500 ملازمین کام کریں گے. اس قدم سے یہ بات واضح ہے کہ بینک مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صرف آج پر نہیں بلکہ آنے والے برسوں کی ترقی پر نظر رکھے ہوئے ہے.


# ہم رکے نہیں
# پروڈکٹ ماسٹرکلاس

پروڈکٹ سے متعلق معلومات اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کیلئے پروڈکٹ ماسٹرکلاسز کا کامیابی سے انعقاد کیا گیا.یہ مشترکہ اقدام ، جو ایچ آر اور پروڈکٹس ٹیم کی شراکت سے شروع ہوا ، اب پورے پاکستان میں متعارف کروایا جائے گا جس کا مقصد مسلسل سیکھنے اور اہداف کی ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے



# سفر کیلئے خود کار بکنگ

پہلی سہ ماہی سے دوسری سہ ماہی تک مسکان ہوم فنانس پروڈکٹ میں 203فیصد کا غیر معمولی اضافہ دیکھنے کو ملا جس سے صارف کی بڑھتی طلب اور لوگوں تک ہماری مضبوط رسائی کا اظہار ہوتاہے.



دی اسکوپ




# اسٹریٹجک شراکت داریاں

# سندھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ فنڈ (ایس ای ڈی ایف ) کے ساتھ

# مفاہمت کی یادداشت

اس اشتراک کا مقصد بہتر مالیاتی حل کے ساتھ سندھ بھر میں ایس ایم ایز کو معاونت فراہم کرناہے۔




## گرین ایگری مال پاکستان کے ساتھ

# مفاہمت کی یادداشت



ہم نے ایگری ٹیک پلیٹ فارمز ، خدمات فراہم کنندہ گان اور مالیاتی اداروں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے کے ایس بی پی کے پروگرام کے تحت گرین ایگری مال کے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے۔

Green agrimall
modernize mechanize maximize

دی
اسکوپ




# فکری و دوراندیش قیادت اور میڈیا

# ڈان نیوز پر
# عمران شیخ
# کا انٹرویو

ڈپٹی چیف ایگزیکٹر آفیسر ، عمران شیخ نے ڈان نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے اسلامی بینکاری کی حالیہ ترقی ، روایتی بینکاری اور اسلامی بینکاری میں فرق اور پاکستان میں شرعی اصولوں پر مبنی مالیاتی نظام کی تشکیل میں اس کے کردار کے بارے میں تفصیل سے گفتگو کی۔انہوں نے بتایا کہ بینک اسلامی انسانیت کو ربا سے بچانے کے مشن پر سختی سے کاربند رہتے ہوئے عملی حل اور جدت کے ذریعے اصولوں کو عملی شکل دے رہا ہے۔









# بینک اسلامی
# ڈائیلاگ

بینک اسلامی ڈائیلاگ بصیرت افروز سیریز ہے جس میں بینک اسلامی سے وابستہ اہم شخصیات اور صنعتی ماہرین اظہار خیال کرتے ہیں۔ ڈائیلاگ سیریز کی ہر قسط میں اسلامی بینکاری میں پیشہ ورانہ ترقی ، مالیاتی شعبہ میں خواتین کی خود مختاری ، ڈیجیٹل جدت ، اخلاقی بینکاری اور اسلامی مالیات سے متعلق مفروضات اور فرسودہ خیالات کا خاتمہ سمیت اہم موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی جاتی ہے۔

# پاکستان میں میکرو-اکنامک منظرنامہ
# سیشن کی جھلکیاں

جے ایس گلوبل کیپٹل کے اشتراک سے پاکستان کے معاشی مستقبل پر کراچی ، لاہور اور فیصل آباد میں زبردست سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔میکرو-اکنامک رجحانات ، مالیاتی چیلنجز اور ترقی کے مواقع پر روشنی ڈالی گئی۔

**کراچی**
100سے زائد کلائنٹس نے حالیہ معاشی تبدیلیوں کا گہرائی سے جائزہ لیا

**لاہور**
125سے زائد کلائنٹس نے مالیاتی رجحانات پر تازہ ترین معلومات حاصل کی

**فیصل آباد**
100سے زائد نے کاروبار اور سرمایہ کے حوالے سے مستقبل کے لائحہ عمل پر گفتگو کی











## بینک اسلامی کی طرف سے
## پاکستان کی پہلی فوری چیک کیش آؤٹ سہولت

17سے زائد اخبارات میں کوریج
837 سے زائد پرنٹ میڈیا ریچ اور 0.9 3ملین ڈیجیٹل ویوز

**اہم اخبارات**

DAWN | THE NATION | THE NEWS | ایکسپریس

BankIslami launches Pakistan's first-ever instant cheque encashment service driven by TouchPoint's QMatch technology

BankIslami unveils country's first instant cheque encashment service

بینک اسلامی نے پاکستان کی پہلی انسٹنٹ چیک انکیشمنٹ سروس کا آغاز کر دیا

## اے ڈی بی کے جی ڈبلیو ایف ایکس میں شرکت

مشعل ویمن بینکنگ کی قیادت میں ہمارے آواز اے آئی شراکت داری نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے نیوزلیٹر میں عالمی اعزاز حاصل کیا۔






# حالیہ مہم کی جھلکیاں

## خصوصی مواقع پر تخلیقی مواد

السٹریٹر امیر علی کے ساتھ شراکت داری میں ہم نے عید الفطر ،مدرز ڈے ، عیدالاضحیٰ اور فادرز ڈے کا جشن منانے کیلئے انیمیٹڈ ویڈیو کی سیریز جاری کیں.ہر ویڈیو میں جذبات واحساسات، روایت اور ان لمحات کے پیچھے محبت کی منظر کشی کی گئی.

Views: **17.26M+** | Engagement: **101K+** | Reach: **9.7M+**

## یورو منی مہم

بہترین اسلامی بینک کے ایوارڈ کی خوشی کا جشن منانے کیلئے ہم نے ایک ڈیجیٹل مہم شروع کی جس میں پوسٹس اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کی گئیں جبکہ انفلیونسرز مصطفیٰ حنیف ، مستاپاکی ، اور اسامہ ناصر کے ساتھ اشتراک میں پروگرام بھی پیش کئے گئے.

Impressions: **40M+** | Reach: **13.2M+**
Engagement: **102K+**





## گولڈ کوائن مہم

اس مہم کے تحت اوورسیز پاکستانیوں اور ان کے اہلِ خانہ کو ہماری سروس کے ذریعے بھیجی گئی ترسیلات زر پر سونے کے سکے جیتنے کا موقع فراہم کیا گیا.

Reach: **8.3M+** | Impressions: **40M+**
Engagement: **102K+**




**1M+ followers** (+26,585 in Q2)

**32,771 followers** (+1,215 in Q2)

**61,500 followers** (+17,100 in Q2)

**173,645 followers** (+8,876 in Q2)

رواں سہ ماہی میں ہماری توجہ ٹک ٹاک پر مرکوز رہی جو پاکستان میں سب سے زیادہ دیکھے جانا والا پلیٹ فارم ہے.ہم نے نوجوان نسل اور ڈیجیٹل مواد کو ترجیح دینے والے افراد سے اپنے روابط کو مضبوط بنایا

BankIslami

PAKISTAN'S BEST ISLAMIC BANK CERTIFIED BY EUROMONEY

# دی اسکوپ

## دوسری سہ ماہی 2025

آئیں انسانیت کو
سود سے بچائیں!